نمبر ۴۸ — جلد ۴۰

# اخبار ریاست رامپور
# RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ جمادی الثانی سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۲۶ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| ۱ | منظوری ٹھیکہ تیتر و بٹیر | ۱ |
| ۲ | " " مرغ و انڈے وغیرہ | ۲ |
| ۳ | اضافہ تنخواہ ... معاون ... | ۲ |
| ۴ | " عبد الحمید خاں معاون | ۳ |
| ۵ | بحالی امتیاز حسین و سید مشتاق حسین ... | ۳ |
| ۶ | برخاستگی ... | ۳ |
| ۷ | لقب ... | ضمیمہ |
| | اضافہ ذات تقریب سالگرہ ... حضرت بندگان حضور پرنور دام ملکہم | ۳ |


## احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

### ٹھیکہ تیتر و بٹیر

۲۹ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ تیتران و بٹیران مفصلہ ذیل بابت مصارف خاصہ بنام پیارے خان و محمد علی سن ابتدا جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء

| تیتر فی پر | تیتر سیاہ فی پر | بٹیر فی پر |
| --- | --- | --- |
| ۸ (۴) | ۱۰ (۶) | ۲ (۳) |

### حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ تیتر و بٹیر مصارف خاصہ بنرخ مندرجہ رپورٹ بنام پیارے خان وغیرہ سن ابتدا جون سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مئی سنہ ۱۹۲۹ء ایک سال کے لئے منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس بھیجو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

### حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

نقل صدور احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۳۱ اکتوبر سنہ ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

### ٹھیکہ مرغ و انڈے وغیرہ

۶ نومبر سنہ ۱۹۲۸ء

مسودہ کاغذات رپورٹ سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ

منظوری ٹھیکہ برج و اذیت وغیرہ مفصلہ تحت مصارف خاص
بادشاہ بابت دہ سالی بنام راجن علی بابت ابتدا نومبر ۱۹۲۸ء
لغایت نومبر ۱۹۳۸ء -

| | | | |
|---|---|---|---|
| برج کلاں فی | برج میانہ فی | برج خورد فی | اندیشہ فی صدی |
| ۱۵ | ۱۳ | ۱۰ | [illegible] |
| بلوچ جیمیں فی | بطخ کلاں فی | بطخ خورد فی | پیرو فی جوڑ |
| [illegible] | ۱۳ | [illegible] | ۱۲ |
| خرگوش فی | | | |

حکم

حسب صراحت رپورٹ ٹھیکہ برج و اذیت وغیرہ مصارف بادشاہی خاص بابت
دہ سالہ بنام راجن علی منظور ہے۔ کہ نقدات بالعرض اجرا احکام صاحب ریونیو
سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں -

دستخط صاحب سکریٹری

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم صدر سے احکام جاری ہوں - ۲۰ نومبر ۱۹۲۸ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## اضافہ

۱۰ نومبر ۱۹۲۸ء

نقل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر محکمہ [illegible]
دربارہ اضافہ تنخواہ چوبے بھگوانداس معاون [illegible]
خلاصہ دیرینہ -

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے - بھگوانداس کی تنخواہ موجودہ میں ایک روپیہ اضافہ کیا جانا
منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری

## اضافہ

۲۰ نومبر ۱۹۲۸ء

نقل رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر دربارہ اضافہ

عبدالمجید خان معاون منصب مذکور -

حکم

ملاحظہ ہوا - عبدالمجید خان معاون کی تنخواہ میں ایک روپیہ اضافہ کیا جانا منظور ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط ریونیو سکریٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## واقع ۱۶ نومبر ۱۹۲۸ء

اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ پل بخت اور امتیاز حسین مدرس دوم مدرسہ گھیر سیف الدین خان
ایک مقدمہ فوجداری میں ماخوذ ہوئے تھے - اسی سلسلہ میں اشتیاق حسین نے
۱۴ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے ایک ماہ کی رخصت کی درخواست بوضع تنخواہ پیش کی تھی رخصت
مذکور منظور نہیں ہوئی تھی - اور دونوں مدرس مذکور ۱۴ و ۱۶ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے معطل
کر دئے گئے تھے - اب رپورٹ پولیس سے واضح ہوا کہ جس مقدمہ میں دونوں مدرس ماخوذ تھے
اس سے ان دونوں کا نام نکال دیا گیا اور مقدمہ کو الزام اب چنداں نہیں رہا - لہذا امتیاز حسین مدرس
دوم مدرسہ گھیر سیف الدین خان اپنی جگہ پر بحال کیا گیا - اور اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ
پل بخت بھی اپنی جگہ پر بحال کیا گیا - تاریخ کی رخصت ۱۴ اکتوبر ۱۹۲۸ء سے ایک ماہ کی
بوضع تنخواہ منظور کی جاتی ہے - محمد امین ایام معطلی میں عوض مقرر ہوا تھا وہ بدستور
اشتیاق حسین عوض ایام رخصت میں متصور ہوگا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## واقع ۱۸ نومبر ۱۹۲۸ء

سید اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ پل بخت ایک ماہ کی رخصت بوضع تنخواہ حاصل کر چکا ہے - اب مزید ایک ماہ کی رخصت
عوض مظفر حسین چاہتا ہے جو مظفر حسین کی بیان ہے کہ اشتیاق حسین مذکور بمقام لندور ملازم ہو گیا ہے لہذا بجائے
اشتیاق حسین مدرس دوم مدرسہ پل بخت برخاست کیا گیا - بجائے اس کے مسمی محمد امین جو بالفعل اشتیاق حسین
عوض میں کام کر رہا ہے اور ملازمت ہوا اور امتحان تا آخر اپریل ۱۹۲۹ء تک کے لیے مقرر کیا گیا - لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

### واقع ۲۲ نومبر ۱۹۲۸ء

بتقریب سالگرہ ہمایون - لفٹنٹ کرنل امتیاز علیخان کمانڈنگ افسر سکنڈ انفنٹری کی تنخواہ مین پچاس روپیہ اضافہ۔

۲- مولوی فضل حق پرنسپل مدرسہ عالیہ کی تنخواہ مین پچیس روپیہ اضافہ۔

۳- میجر جیاشن کمانڈنگ افسر گورکھا کی تنخواہ مین پچیس روپیہ اضافہ۔

۴- داروغہ کلان صاحبہ داروغہ محلات کی تنخواہ مین پچیس روپیہ اضافہ۔

۵- منشی رشید علیخان اسسٹنٹ سررشتہ دار صدر کی تنخواہ مین دس روپیہ اضافہ۔

۶- سید ابرار حسین افسر کارخانہ جات کی تنخواہ مین دس روپیہ اضافہ۔

۷- سید یعقوب علی ہاسپٹل اسسٹنٹ کے الاؤنس مین دس روپیہ اضافہ۔

اور بابو شنکر سروپ فورمین بجلی گھر کا رینک سکنڈ اسسٹنٹ انجینئر روشنی برقی منظور کیا جاتا ہے۔ تنخواہ وہی ملیگی جو ملتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

---

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

### واقع     ۱۹۲۸ء

نقل تحریر صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات موسومہ صاحب چیف سکرٹری بہادر - در بارہ اسکے کہ کاغذات متعلقہ اضافہ مسٹر بابو لال گپتا ارسال خدمت شریف ہین براہ کرم اجلاس ہمایون سے احکام منظوری اضافہ صادر فرمائے جائین۔

حکم

مسٹر بابو لال گپتا انجینئر تعمیرات خاص باغ کی تنخواہ موجودہ مین پچاس روپیہ ماہوار اضافہ ۱۵ر اکتوبر ۱۹۲۸ء سے منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ہفتہ سوئم ماہ نومبر ۱۹۲۶ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | [illegible] | ۱۵ | [illegible] | | | ۱۵ | |
| نخود خالص | [illegible] | ۱۷ | ۱۶ | | | ۱۷ | |
| نخود کہ آمیز | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | [illegible] | |
| کت | [illegible] | • | [illegible] | | | [illegible] | |
| ماش | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | ۱۵ | |
| مونگ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | ۱۵ | |
| برنج | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | • | [illegible] | |
| جئی | [illegible] | • | • | | | ۱۰ | |
| گوجئی | [illegible] | • | • | | | ۸ | |
| مسور | [illegible] | • | • | | | [illegible] | |
| ارہر | [illegible] | • | • | | | ۸ | |
| برنج | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | ۱۵ | |
| روغن زرد | [illegible] چھٹانک | [illegible] چھٹانک | [illegible] چھٹانک | | | [illegible] چھٹانک | |
| روغن سیاہ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | [illegible] | |
| روغن کنجد | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | [illegible] | |
| نمک سانبھر | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | | | ۱۲ | |
| نمک لاہوری | [illegible] | ۸ | [illegible] | | | ۸ | |
| قند سیاہ | [illegible] | ۵ | [illegible] | | | [illegible] | |
| باجرہ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | | | [illegible] | تحصیل سوار اور بلاسپور کے نرخ نہیں آئے |